[AS INTORDUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

further to amend the Pakistan Nursing Council Act, 1973

**WHEREAS** it is expedient to amend the Pakistan Nursing Council Act, 1973, (No. XXVI of 1973) for the purposes hereinafter appearing:-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Bill may be called the Pakistan Nursing Council (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 3, Act XXVI of 1973.-** In the Pakistan Nursing Council Act, 1973 (No. XXVI of 1973), hereinafter referred to as the said Act, in section 3, in sub-section (1), after paragraph (d), the following new paragraph (e) shall be added, namely :-

"(e) Three members, two elected by the National Assembly and one by the Senate".

3. **Amendment of section 8, Act XXVI of 1973.-** In the said Act, in section 8, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Prime Minister may appoint the President of the Council, who shall have a minimum of twenty years of experience in the field of medical and administration. The Vice-President shall be appointed from amongst the members of the Council.".

4. **Insertion of new section 9H, Act XXVI of 1973.-** In the said Act, after section 9G, the following new section 9H shall be added, namely:-

" **9H. Method of appointment.-** (1) The appointment of the Secretary, Finance Director, Human Resource Director, and other staff of the Council shall be appointed thierin merit-based process, including:

(a) advertisement of the position;

(b) a transparent selection process involving a panel of experts and representatives from relevant departments, besides the Council; and

(c) evaluation of candidates through interviews and assessment of professional competencies.

(2) The Council shall ensure that all appointments are conducted in a fair, unbiased manner, compliant with the principles of equal opportunity.

(3) The term of appointment of staff shall be clearly defined, with provisions for renewal based on performance evaluations and adherence to the Council's standards.

(4) All.members involved in the appointment process shall disclose any potential conflicts of interest and recuse themselves from decision-making if such conflicts arise.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The objectives of this amendment are to enhance the governance structure of the Pakistan Nursing and Midwifery Council by ensuring that both members and the President possess expertise in medical and administrative fields, establish a transparent and merit-based process for staff appointments to ensure fairness and equal opportunity, promote accountability through clearly defined appointment terms and performance evaluations, facilitate democratic representation by allowing parliamentary elections for some members, and ultimately improve the standards of nursing and midwifery practice in Pakistan, thereby benefiting public health.

**Sd/-**
**SYED RAFIULLAH**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## پاکستان نرسنگ کونسل ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کیلئے پاکستان نرسنگ کونسل ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۲۶ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا پاکستان نرسنگ کونسل (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۶ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۳ کی ترمیم۔** پاکستان نرسنگ کونسل ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۲۶ بابت ۱۹۷۳ء) میں، بعد ازاں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، پیرا (د) کے بعد حسب ذیل نیا پیرا (ہ) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ہ) تین اراکین، قومی اسمبلی کی جانب سے منتخب کردہ دو اور سینیٹ کی جانب سے ایک"۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲۶ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) وزیر اعظم کونسل کے صدر کا تقرر کر سکے گا جو طب اور انتظام وانصرام کے شعبہ میں کم از کم بیس سالہ تجربہ کا حامل ہوگا۔ نائب صدر کا تقرر کونسل کے اراکین میں سے کیا جائے گا"۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۲۶ بابت ۱۹۷۳ء، نئی دفعہ ۹ح کی شمولیت۔** مذکورہ ایکٹ میں دفعہ ۹ز کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ ۹ح کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۹ح۔ **تقرری کا طریق کار۔** (۱) کونسل کے سیکرٹری، ناظم مالیات، ناظم انسانی وسائل اور دیگر عملہ کی تقرری میرٹ پر مبنی عمل کے تحت کی جائے گی، بشمول:

(الف) اسامی کا اشتہار؛

(ب) انتخاب کا شفاف عمل جس میں کونسل کے علاوہ متعلقہ محکموں سے ماہرین کا پینل اور نمائندے شامل ہوں؛ اور

(ج) پیشہ وارانہ اہلیت کی بابت انٹرویوز اور جائزہ کے ذریعے امیدواروں کی جانچ پڑتال۔

(۲) کونسل اس امر کو یقینی بنائے گی کہ تمام تقرریاں یکساں مواقع کے اصولوں کی تعمیل میں منصفانہ، غیر جانبدارانہ انداز میں کی جائیں۔

(۳) عملے کی تقرری کی مدت واضح طور پر مقرر کی جائے گی نیز کونسل کے معیارات کے مطابق اور کارکردگی کے جائزوں کی بنیاد پر عہدے کی میعاد کی توسیع کے لیے احکامات وضع کیے جائیں گے۔

(۴) تقرری کے عمل میں شریک جملہ ارکان مفادات کے کسی بھی ممکنہ تصادم کو افشاء کریں گے اور ایسے تنازعات پیدا ہونے کی صورت میں وہ فیصلہ سازی کے عمل سے دستبردار ہو جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

ترمیم ہذا کا مقصد طب اور انتظامی شعبوں میں مہارت کے حامل ارکان اور صدر کی شمولیت یقینی بنا کر پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کے نظم ونسق پر مبنی ڈھانچے میں بہتری لانا، انصاف اور مساوی مواقع یقینی بنانے کے لیے ایسا نظام قائم کرنا جس میں عملے کی تقرریاں، شفافیت اور میرٹ پر ہوں، کارکردگی کے جائزوں اور تقرری کی شرائط کی واضح طور پر صراحت کے ذریعے جوابدہی کو فروغ دینا، بعض ارکان کے لیے پارلیمانی انتخابات کو قانونی طور پر قابل قبول قرار دے کر جمہوری نمائندگی کے اصول کی ترویج کرنا، اور ان تمام اقدامات کے توسط سے پاکستان میں نرسنگ اور دایہ گیری سے متعلق معیارات بلند کر کے عوام کی صحت کا معیار بہتر بنانا ہے۔

دستخط/-
سید رفیع اللہ
رکن، قومی اسمبلی